میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ شام

بِسۡمِ اللَّهِ الرَّحۡمَٰنِ الرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعہ، 18 جمادی الثانی ، 1438ھ | 17/03/2017 | نمبر: 014/1438

الجناۃ میں قتلِ عام، مقدس روحیں مجرموں کو بے نقاب کر رہی ہیں اور مذاکرات کرنے والوں پر لعنت بھیج رہی ہیں

امریکی طیارے نے ترکی ہوائی اڈے انسرلک(Incirlik)سے اُڑان بھری اور یہ بات باعث حیرت نہیں ہوگی اگر روسی طیاروں نے بھی اِس میں حصہ لیا کیونکہ کفار ایک ہی جھنڈے تلے ہیں۔ اُن ظالموں نے حلب کے مغرب میں واقع ایک دیہی علاقے الاتارب کے قریبی گاؤں الجناۃ کی مسجد میں نمازِ عشاء کے وقت ہولناک خونریزی کی، جس کا شکار اُس وقت مسجد میں موجود دعوت و تبلیغ میں مصروف العمل ہمارے بھائی ہوئے۔ اس سنگین جرم کے نتیجے میں اُن لوگوں کا جھوٹ بے نقاب ہوگیا جو شامی انقلاب کی حمایت اور اعتدال پسندوں اور انتہاپسندوں میں فرق کرنے کے دعویدار ہیں۔

شام کی سرزمین پر موجود تمام مسلمان اِس وقت کفر کے سرغنہ امریکہ اور اُس کے اتحادیوں کے حربوں اور ایجنٹوں کا باقاعدہ نشانہ بنے ہوئے ہیں تاکہ شام کے انقلاب کو ختم اور اِس ظالم حکومت کو برقرار رکھا جاسکے۔

بکھرے ہوئے جسمانی اعضاء اور مقدس خون جو بہایا گیا، مخلص لوگوں میں بیداری کی شروعات کا سبب بنے گا اور اسلام اور اِس کے لوگوں اور منافقت اور کُفر اور اُس کے لوگوں کے درمیان تنازعے کی حقیقت کو سمجھنے، اور اُن ممالک کی سربراہی میں کیے گئے مذاکرات کو سمجھنے کا سبب بنے گا جو کہ ہمیں ایک خطرناک پھسلتی ہوئی ڈھلوان کے ذریعے اُس گڑھے میں دھکیلنے میں مصروف ہیں جو گڑھا ہمیں پھر سے اُنہی کی غلامی میں دے دے گا جو کہ ہمیں قتل اور ہم پر ظلم اور کفر سے حکومت کرتے آئے ہیں۔ جہاں تک اُن لوگوں کا تعلق ہے جو امریکہ، اُس کے اتحادیوں اور اُس کے ایجنٹوں کی خوشنودی چاہتے ہیں اور اُس کی سیاسی قراردادوں کی کامیابی کے لئے کھیلی گئی چالوں پر کام کر رہے ہیں، تو اُن کو الجناۃ اور اِس جیسے دوسرے قتلِ عام نے خوابِ غفلت سے نہیں جگایا، اُن کو جان لینا چاہیئے کہ وہ نقاب گر چکا ہے جو امریکی ظلم کو چُھپائے ہوئے تھا۔

ہم اللہ سے دعا گو ہیں کہ ہمارے بھائیوں میں سے جو لوگ اِس سانحے یا اِس جیسی دوسری خون ریزیوں میں بچھڑ گئے ہیں، اللہ اُن کی شہادت قبول کرے اور ظالموں کو اُن کے انجام تک پہنچائے۔ ہمیں یقین ہے کہ اللہ کی مدد قریب ہے اور وہ کامیابی بھی جس کا وعدہ اُس نے اپنے اُن لوگوں سے کیا ہے جو اُس کے دین کے لئے راہ ہموار کرتے ہیں، اور جو ظلم کا شکار ہونے کے باوجود ثابت قدم ہیں۔ اُس القوي العزیز کے عتاب سے بچنا نہ اِس دنیا میں اور نہ ہی آخرت میں ممکن ہے۔

سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِنْدَ اللَّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ.

"قریب ہے وہ وقت جب یہ مجرم اپنی مکاریوں کی پاداش میں اللہ کے ہاں ذلت اور سخت عذاب سے دوچار ہوں گے"(الانعام:124)

ولایہ شام میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ای میل: media@tahrir-syria.info
شام کی ویب سائٹ:www.tahrir-syria.info
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info